احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کے لئے

جمعرات 4 اکتوبر 2001ء

روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 213029
C.P.L 61

# الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

جمعرات 4 اکتوبر 2001ء 16 رجب 1422 ہجری - 4 اخاء 1380 ہش جلد 51-86 نمبر 226

## خانہ کعبہ کی کنجیاں

آنحضرت ﷺ کی دور میں ایک دفعہ دوسرے لوگوں کے ساتھ خانہ کعبہ کے اندر داخل ہونے لگے تو کلید بردار عثمان بن طلحہ نے آپؐ کو روک دیا۔ آپؐ نے فرمایا ایک وقت آئے گا کہ خانہ کعبہ کی چابیاں میرے ہاتھ میں ہوں گی اور میں جسے چاہوں گا دوں گا۔ فتح مکہ کے موقع پر آپؐ نے عثمان کو بلا کر اس سے چابیاں طلب فرمائیں اور بعض صحابہ کی درخواست کے باوجود آپ نے چابیاں عثمان کے حوالے کر دیں۔ اس رحمت کے نظارے کو دیکھ کر عثمان نے فوراً اسلام قبول کر لیا۔

(السیرة الحلبیہ جلد 3 ص 101)

## ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

جب کوئی مامور اور مرسل آتا ہے تو سب سے پہلے اس کی جماعت میں غرباء داخل ہوتے ہیں۔ اس لئے کہ ان میں تکبر نہیں ہوتا۔ دولت مندوں کو یہی خیال اور فکر رہتا ہے کہ اگر ہم اس کے خادم ہو گئے تو لوگ کہیں گے کہ اتنا بڑا آدمی ہو کر فلاں شخص کا مرید ہو گیا ہے اور اگر ہو بھی جاوے تب بھی وہ بہت سی سعادتوں سے محروم رہ جاتا ہے۔ الا ماشاءاللہ کیونکہ غریب تو اپنے مرشد اور آقا کی کسی خدمت سے عار نہیں کرے گا مگر یہ عار کرے گا۔ ہاں اگر خدا تعالیٰ اپنا فضل کرے اور دولت مند آدمی اپنے مال و دولت پر ناز نہ کرے اور اس کو بندگان خدا کی خدمت میں صرف کرنے اور ان کی ہمدردی میں لگانے کے لئے موقع پائے اور اپنا فرض سمجھے تو پھر وہ ایک خیر کثیر کا وارث ہے۔

### دشمن کے ساتھ بھی حد سے زیادہ سختی نہ ہو

اصل بات یہ ہے کہ سب سے مشکل اور نازک مرحلہ حقوق العباد ہی کا ہے کیونکہ ہر وقت اس کا معاملہ پڑتا ہے اور ہر آن یہ ابتلاء سامنے رہتا ہے۔ پس اس مرحلہ پر بہت ہی ہوشیاری سے قدم اٹھانا چاہئے۔ میرا تو یہ مذہب ہے کہ دشمن کے ساتھ بھی حد سے زیادہ سختی نہ ہو۔ بعض لوگ چاہتے ہیں کہ جہاں تک ہو سکے اس کی تخریب اور بربادی کے لئے سعی کی جاوے۔ پھر وہ اس فکر میں پڑ کر جائز اور ناجائز امور کی بھی پروا نہیں کرتے۔ اس کو بدنام کرنے کے واسطے جھوٹی تہمت اس پر لگاتے، افترا کرتے اور اس کی غیبت کرتے اور دوسروں کو اس کے خلاف اکساتے ہیں۔ اب بتاؤ کہ معمولی دشمنی سے کس قدر برائیوں اور بدیوں کا وارث بنا اور پھر یہ بدیاں جب اپنے بچے دیں گی تو کہاں تک نوبت پہنچے گی۔

میں سچ کہتا ہوں کہ تم کسی کو اپنا ذاتی دشمن نہ سمجھو اور اس کینہ توزی کی عادت کو بالکل ترک کر دو۔ اگر خدا تعالیٰ تمہارے ساتھ ہے اور تم خدا تعالیٰ کے ہو جاؤ۔ تو وہ دشمنوں کو بھی تمہارے خادموں میں داخل کر سکتا ہے، لیکن اگر تم خدا ہی سے قطع تعلق کئے بیٹھے ہو اور اس کے ساتھ ہی کوئی رشتہ دوستی کا باقی نہیں۔ اس کی خلاف مرضی تمہارا چال چلن ہے۔ پھر خدا سے بڑھ کر تمہارا دشمن کون ہو گا؟ مخلوق کی دشمنی سے انسان بچ سکتا ہے لیکن جب خدا دشمن ہو تو پھر اگر ساری مخلوق دوست ہو تو کچھ نہیں ہو سکتا۔ اس لئے تمہارا طریق انبیاء علیہم السلام کا سا طریق ہو۔ خدا تعالیٰ کا منشاء یہی ہے کہ ذاتی اعداء کوئی نہ ہوں۔

خوب یاد رکھو کہ انسان کو شرف اور سعادت تب ملتی ہے جب وہ ذاتی طور پر کسی کا دشمن نہ ہو۔ ہاں اللہ اور اس کے رسول کی عزت کے لئے الگ امر ہے یعنی جو شخص خدا اور اس کے رسول کی عزت نہیں کرتا بلکہ ان کا دشمن ہے اسے تم اپنا دشمن سمجھو۔ اس دشمنی سمجھنے کے یہ معنے نہیں ہیں کہ تم اس پر افتراء کرو اور بلا وجہ اس کو دکھ دینے کے منصوبے کرو نہیں۔ بلکہ اس سے الگ ہو جاؤ اور خدا تعالیٰ کے سپرد کرو۔ ممکن ہو تو اس کی اصلاح کے لئے دعا کرو۔

(ملفوظات جلد چہارم ص 439)

## نمایاں کامیابی

مکرم مبشر احمد ظفر صاحب مربی سلسلہ واہ کینٹ اطلاع دیتے ہیں عزیزہ سدرہ سیف بنت مکرم سیف اللہ صاحب سکنہ پی او ایف واہ کینٹ نے انٹرمیڈیٹ کے امتحان 2000ء میں جنرل سائنس گروپ میں 892/1100 نمبر لے کر فیڈرل انٹرمیڈیٹ بورڈ آف اسلام آباد میں دوسری پوزیشن حاصل کی ہے۔ اللہ تعالیٰ یہ اعزاز خاندان اور جماعت کے لئے مبارک کرے نیز عزیزہ کو آئندہ بھی غیر معمولی ترقیات سے نوازے۔ آمین

## نیکی کے کام میں حصہ لینے کا نادر موقع

○ شعبہ امداد طلباء سے اس وقت ان ضرورت مند طلباء و طالبات جو پرائمری، سیکنڈری اور کالج Level پر تعلیم حاصل کر رہے ہیں کی فیسوں، کتب وغیرہ کے سلسلہ میں ہر ممکنہ امداد بطور وظائف کی جاتی ہے۔

گذشتہ دو تین سالوں میں فیسوں اور کتب و نوٹ بکس کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافہ ہونے کی وجہ سے اس شعبہ پر غیر معمولی بوجھ ہے۔

چونکہ یہ شعبہ مشروط بآمد ہے اس لئے احباب جماعت سے درخواست ہے کہ اس نیکی کے کام میں زیادہ سے زیادہ حصہ لینے کی کوشش کریں۔ نیز امراء صاحبان سے بھی درخواست ہے کہ وہ گاہے بگاہے احباب کی توجہ اس طرف مبذول کروائیں۔

یہ رقم بمد امداد طلباء خزانہ صدر انجمن احمدیہ میں جمع کروا سکتے ہیں۔ براہ راست نگران امداد طلباء معرفت نظارت تعلیم کو بھی یہ رقوم بھجوائی جا سکتی ہیں۔

(نگران امداد طلباء)

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

# دانتوں کی بیماریاں اور ان کا علاج

## حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ کی کتاب ''ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل'' کی روشنی میں

مرتبہ: ہومیو ڈاکٹر نصیر احمد شریف صاحب

### ایکونائٹ
### Aconitum Napellus

دانتوں میں سردی کی وجہ سے درد ہو یا گلے میں تکلیف ہو تو بھی ایکونائٹ کی ضرورت ہو گی (ص13)

### ایتھوزا
### Aethusa Cynapium

چہرے پر سرخ نشان ظاہر ہو جاتے ہیں، جبڑے کی ہڈیوں میں درد اور کھچاؤ محسوس ہوتا ہے۔ منہ خشک اور زبان لمبی محسوس ہوتی ہے (ص27) یہ دوا بچوں کے دانت نکالنے کے زمانے میں اسہال لگ جانے کی بہترین دوا ہے۔ (ص27)

### اینٹی مونیم کروڈ
### Antimonium Crudum

مسوڑھے پھول جاتے ہیں اور دانتوں سے الگ ہو جاتے ہیں دانتوں میں کیڑا لگ جاتا ہے۔ اگر یہ علامتیں نمایاں ہوں تو اینٹی مونیم کروڈ کی پہچان بن جاتی ہیں۔ اینٹی مونیم کروڈ اور اینٹی مونیم ٹارٹ کا دانت کا درد اعصابی بھی ہوتا ہے۔ (ص65-66)

### بپٹیشیا
### Baptisia

بپٹیشیا دانتوں کے لئے بھی مفید ہے۔ دانت اور مسوڑھے خراب ہوں بدبودار پیپ بہنے لگے اور مسوڑھے دانت چھوڑ دیں تو بپٹیشیا بھی دوا ہو سکتی ہے۔ (ص123)

### بسمتھم
### Bismuthum

بسمتھ دانت کے دردوں میں بھی مفید ہے۔ مسوڑھے سوج جاتے ہیں زبان سفید اور متورم ہو جاتی ہے۔ کناروں پر سیاہی مائل زخم ہو جاتے ہیں جو گنگرین کی یاد دلاتے ہیں۔ (ص153)

### بووسٹا
### Bovista

بووسٹا میں نزلاتی مواد ''کوکس'' (Coccus) کی طرح دھاگے دار ہوتا ہے ناک اور مسوڑھوں سے خون بہتا ہے۔ (ص157)

### کلکیریا فلوریکا
### Calcarea Fluorica

رخساروں اور جبڑوں کی ہڈی پر سوزش، دانتوں میں درد، مسوڑھے سوجھے ہوئے، زبان پر سختی اور سوزش نمایاں، دانت ہلنے لگتے ہیں اور کھانا کھاتے ہوئے سخت درد ہوتا ہے۔ (ص200)

### کلکیریا فاس
### Calcarea Phos Phorica

بچہ کے دانت نکالنے کے زمانے کی تکلیفوں کے لئے بھی یہ مفید ہے۔ اس میں دانت آہستہ بڑھتے ہیں اور کیڑا لگنے کا رجحان پایا جاتا ہے۔ (ص207)

### کاربوویج
### Carbo Vegetabilis

منہ میں زخم ہو جائیں اور سفید سفید نشان بن جائیں۔ مسوڑھے خراب ہو جائیں اور دانت ہلنے لگیں تو بشرطیکہ کاربوویج کی دیگر علامتیں موجود ہوں اس بیماری کا بھی یہی علاج ہے۔ (ص247)

### کاربونیم سلفیوریٹم
### Carbonium Sulphoratum

وہ اعصابی ریشے جو جلد یا اندرونی جھلیوں کے قریب ہوں ان کا فالج کاربونیم سلف سے تعلق رکھتا ہے، اسے یاد رکھنا چاہئے۔ دانت کے اعصاب کے کنارے ننگے ہو جائیں تو وہاں سردی سے زود حسی پائی جاتی ہے۔ ٹھنڈی ہوا سے دانت اور چہرے کی تکلیفیں بڑھ جاتی ہیں اور صرف دانت کے اعصاب ہی نہیں سارے چہرے کے اعصاب زود حس ہو جاتے ہیں۔ (ص254)

### کیمومیلا Chamomilla

کیمومیلا کے دانت درد میں ایک خاص بات یہ ہے کہ رات کو شروع ہو کر صبح تک غائب ہو جاتا ہے۔ عموماً رات کے پہلے حصہ میں زیادہ تکلیف ہوتی ہے۔ بارہ ایک بجے کے بعد جب رات صبح کی طرف پلٹ جائے تو درد ختم ہونے لگتا ہے۔ آرسنک کے دانت درد کا ساری رات سے تعلق ہے۔ کیمومیلا میں مسوڑھے سوج جاتے ہیں، چھالے بنتے ہیں اور دانت مسوڑھوں کو چھوڑنے لگتے ہیں۔ وہ لوگ جو دانتوں کی صفائی میں بداحتیاطی سے کام لیتے ہیں عموماً ان تکلیفوں میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ (ص271)

### چینینم آرس
### Chininum Ars

منہ کی اندرونی جھلیوں سے خون بہنے کا احتمال ہوتا ہے زبان پر لکیریں ظاہر ہوتی ہیں۔ کالا، بھورا، سفید اور زرد رنگ زبان پر پایا جاتا ہے۔ مسوڑھے سوجے ہوئے، دانت مسوڑھوں کو چھوڑنے لگتے ہیں، منہ کا مزہ خراب، اچھے سے اچھا کھانا بھی برا لگتا ہے، نہ ختم ہونے والی پیاس، رات کو دانتوں میں درد اور دانت کٹکٹانے کو دل چاہتا ہے جس کی وجہ سے نیند بے چین ہو جاتی ہے۔ (ص285-286)

### سنکونا آفیشی نیلس (چائنا)
### Cinchona Officinalis
### (China)

ہاتھ پاؤں کانپتے ہیں، مسوڑھے سوج جاتے ہیں، دانت ہلنے لگتے ہیں اور چباتے ہوئے سخت درد محسوس ہوتا ہے تو گویا دانت لمبے ہو گئے ہیں منہ کا مزہ کڑوا اور خوراک بھی کڑوی یا ضرورت سے زیادہ نمکین لگتی ہے جس کی وجہ سے مریض خوراک سے نفرت کرتا ہے۔ (ص301)

### سسٹس کیناڈینس
### Cistus Canadensis

سسٹس میں دانتوں اور مسوڑھوں کی علامات سلفر سے بہت ملتی جلتی ہیں لیکن سلفر میں بہت جلن اور چبھن پائی جاتی ہے اور دانت گل جاتے ہیں سسٹس میں جبڑوں کے عضلات میں کمزوری واقع ہو جاتی ہے۔ جس کی وجہ سے دانت ڈھیلے ہونے لگتے ہیں لیکن ان میں جلن نہیں ہوتی۔ (ص304)

### کلیمٹس اریکٹا
### Clematis Erecta

کلیمٹس کے دانت کے درد رات کو اور تمباکو کی بو سے زیادہ ہو جاتے ہیں۔ خصوصاً بستر کی گرمی سے تکلیف بڑھتی ہے۔ (ص308)

### کافیا کروڈا
### Coffea Cruda

کافیا کا مریض سردی سے بھی زود حس ہوتا ہے۔ منہ اور دانتوں کے درد میں برف کا پانی منہ میں رکھنے سے آرام ملتا ہے۔ دانتوں کا درد اعصابی تکلیف کی وجہ سے ہوتا ہے۔ اس میں کوئی معین قانون نہیں چلتا۔ کافیا کے دانت درد کو ٹھنڈ آرام دیتی ہے۔ (ص317)

### کالچیکم Colchicum

معدے کی تکلیفوں میں اکثر زبان جلتی ہے۔ دانتوں میں درد ہوتا ہے منہ خشک اور پیاس بہت لگتی ہے۔ (ص319)

### فیرم فاس
### Ferrum Phosphoricum

فیرم فاس کے مریضوں کے منہ کی جھلیوں اور مسوڑھوں سے اگر خون بہے تو اس کا رنگ سرخ ہوتا ہے اور یہی بات ملی فولیم میں پائی جاتی ہے۔ (ص385)

